ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (510)

17.10.24

بہاول پور(               )ایس پی انوسٹی گیشن خالد محمود تبسم کی جانب سے تھانہ سول لائینز اور جامعہ مسجد الشریف علاقہ تھانہ صدر بہاول پور میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔کھلی کچہری میں شہریوں کی بڑی تعداد کو سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے،کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنا ہے،ایس پی انوسٹی گیشن خالد محمود تبسم

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر ایس پی انوسٹی گیشن نے تھانہ سول لائینز اور جامعہ مسجد الشریف میں کھلی کچہری لگائی،جس میں شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ایس پی انوسٹی گیشن کے ہمراہ ایس ایچ اوز اور دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ایس پی انوسٹی گیشن نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ایس پی انوسٹی گیشن نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تا کہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔ایس پی انوسٹی گیشن نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔

کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہر صور یقینی بنایا جائے۔جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ایس پی انوسٹی گیشن خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔آخر میں ایس پی انوسٹی گیشن خالد محمود تبسم نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

ترجمان بہاولپور پولیس





بہاول پور:ایس پی انوسٹی گیشن خالد محمود تبسم تھانہ سول لائینز اور جامعہ مسجد الشریف میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کرنے کے بعد ان کے حل کیلئے احکامات جاری کرر ہے ہیں